# 20-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں عدلیہ کے بنیادی ڈھانچہ کی تشکیل اور عملہ کے تقرر جیسے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

۲۔نائب وزیر اعلی ملو بھٹی وکرامار کا نے بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں خواتین کو مالی طور پر مستحکم کرنے کے لئے کسی بھی قیمت کو برداشت کرنے تیار ہے۔

۳۔سدی پیٹ ضلع کے سنگونور منڈل کے نیرامٹلہ میں آئیل پام انڈسٹری کی تعمیر کے کام آخری مرحلہ میں داخل ہوگئے ہیں۔

اور

۴۔ریاست بھر میں آئندہ دو دنوں کے دوران گرج وچمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

BATKAMMA

ریاست بھر میں بتکماں تہوار کا آغاز ہو رہا ہے۔9 روز تک یہ تہوار جاری رہے گا۔اس ماہ کی 28 تاریخ کو حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں بتکماں کی اصل تقریب منعقد کی جائے گی جس کے لئے ریاستی حکومت کی جانب سے انتظامات کئے جائیں گے۔ہنمکنڈہ میں ریاستی سطح کی بتکماں تقاریب کا کل سے آغاز ہوگا۔ریاستی وزرا جوپلی کرشنا راو،کونڈا سریکھا،سیتکا اس تقریب میں شرکت کریں گے۔بتکماں دسہرہ کی تقاریب کے سلسلہ میں آج سے آئندہ ماہ کی دو تاریخ تک آر ٹی سی کی جانب سے 7554 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔

OIL PALM-TUMMALA

سدی پیٹ ضلع کے سنگونورمنڈل کے نیرامٹلہ میں آئیل پام انڈسٹری کی تعمیر کے کام آخری مرحلہ میں داخل ہوگئے ہیں ۔بقیہ کاموں کی تکمیل جلد ہونے پر وزیراعلی ریونت ریڈی ان کا آغاز کریں گے۔وزیرزراعت ٹی ناگیشورراو نے یہ بات بتائی۔انہوں نے کہا کہ یہ انڈسٹری نہ صرف ریاست بلکہ ملک بھرکے کسانوں کے لئے رہنما ثابت ہوگی۔انہوں نے آج آئیل پام انڈسٹری کا معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ اس انڈسٹری کی جانب سے تیار کردہ آئیل پام سے چار میگاواٹ برقی پیدا کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست بھرمیں 2.70 لاکھ ایکڑآئیل پام کی کاشت کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سال مزیدایک لاکھ ایکڑ پر کاشت کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔وزیرموصوف نے وضاحت کی کہ یہ فصل جہاں ملک بھرمیں 13 لاکھ ایکڑاراضی پر کاشت کی جارہی ہے وہیں صرف دوتلگوریاستوں میں دس لاکھ ایکڑپراس کی کاشت کی جارہی ہے۔

SOUND BYTE

YADADRI

یادادری بھونگیرضلع کے کلکٹر ہنمنت راو نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ بھونگیرضلع میں اندرماں مکانات کے کاموں میں تیزی لائیں اورانہیں جلد ہی استفادہ کنندگان کے حوالے کریں۔انہوں نے آج بھونگیرمنڈل کے تھوکاپورگاوں میں اندرماں مکانات کے کاموں کا معائنہ کیا۔انہوں نے قبل ازیں وہاں کے ہائی اسکول کا بھی معائنہ کیا۔انہوں نے صاف صفائی کے کاموں کا بھی معائنہ کیا۔

RAJANNA SIRSILLA VOTERS LIST

ضلع کلکٹرراجناسرسلہ سندیپ کمارجھانے عہدیداروں کوہدایت دی ہے کہ وہ راجناسرسلہ ضلع میں فہرست رائے دہندگان پرخصوصی نظرثانی کاعمل سختی کے ساتھ انجام دیں۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ اس عمل

سے پہلے 2022 میں کی گئی نظر ثانی کی جانچ کی جائے ۔دونوں فہرستوں میں سے ناموں کو خارج کیا جائے اور 2022 کے بعد ووٹر کے طور پر اندراج کروانے والوں کی تفصیلات کی فیلڈ کی سطح پر تصدیق کی جائے۔

NALGONDA-POSHAN

نلگنڈہ ضلع میں جاری پوشن ماہ کی تقاریب کے حصہ کے طور پر کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماوں اور چھوٹے بچوں کے لئے غذائیت سے متعلق بیداری پروگرام شروع کریں۔انہوں نے تجویز پیش کی کہ دودھ پلانے والی ماوں کی کونسلنگ کی جائے، نیوٹریشن ماہ اسکیم کے تحت 100 روزہ پلان تیار کیا جائے اورعوام میں صفائی کے سلسلہ میں بیداری پیدا کی جائے ۔اس ماہ کی 17 تاریخ کوشروع پوشن کا یہ ماہ آئندہ ماہ کی 16 تاریخ کو ختم ہو جائے گا۔

WEATHER

ریاست بھر میں آئندہ دودنوں کے دوران گرج وچمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے یہ بات بتائی ۔عادل آباد، نظام آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم اور محبوب نگر کے لئے ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔اس نے 30 تا40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفانی ہواوں کی پیش قیاسی کی ہے۔

BHATTI

نائب وزیراعلی ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں خواتین کو مالی طور پر مستحکم کرنے کے لئے کسی بھی قیمت کو برداشت کرنے تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا نشانہ آئندہ پانچ سالوں میں ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانا ہے۔اس کے حصہ کے طور پر ہر سال 20 ہزار کروڑ روپے کے بلاسودی قرضہ جات فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔پہلے سال 21,632 کروڑ روپے کے قرض جات فراہم کئے گئے ہیں جو نشانہ سے زیادہ ہے۔انہوں نے کوٹلہ وجئے بھاسکر اسٹیڈیم میں

منعقدہ اندرامہیلا شکتی پروگرام میں وزرا وویک وینکٹ سوامی اور پونم پربھاکر اور سیتااکا کی موجودگی میں سیلف ہلپ گروپس میں بلاسودی قرض جات تقسیم کئے۔ یہ گروپس بسیں خریدتے ہیں اور آر ٹی سی کو لیز پر دیتا ہے اب تک 150 بسوں کو لیز پر دیا گیا ہے اور مزید 450 بسیں لیز پر دینے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ حکومت نے کہا کہ شلپارامم نے خاتون تاجروں کی حوصلہ افزائی کیلئے بیداری پیدا کی جارہی ہے اور 100 دکانات مختص کی گئی ہیں۔

E- Sakshi Portal

مرکزی حکومت نے ای۔ساکشی کے نام سے ایک پورٹل متعارف کروایا ہے تاکہ عام آدمی کو مرکزی حکومت کی طرف سے ارکانِ پارلیمنٹ کو فراہم کردہ حلقہ کے ترقیاتی فنڈ کے اخراجات اور ان پر عمل کا پتہ چل سکے۔ حیدرآباد میں ایم سی آر ایچ آر ڈی میں منعقدہ ایک ورک شاپ میں جنوبی ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے عہدیداروں کے ساتھ ریاست کے اہم منصوبہ بندی کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ پروگرام کے افتتاح کے موقع پر سنٹرل پلاننگ ڈپارٹمنٹ کے دائرکٹر آر دتم نے کہا کہ پبلک فینانشل مینجمنٹ سسٹم کے ذریعہ فنڈس کے استعمال اور اسکیمات کے نفاذ جیسے مسائل کا نقشہ بنانے اور شکوک وشبہات دور کرنے کا موقع ملے گا۔

CJ - CM

تلنگانہ کے چیف جسٹس اپریش کمار سنگھ اور وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں عدلیہ کے بنیادی ڈھانچہ کی تشکیل اور عملہ کے تقرر جیسے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ چیف جسٹس نے وزیراعلیٰ سے کہا کہ جہاں ضروری ہو نئے اضلاع میں عدالتوں کیلئے عمارتیں اور انفرااسٹرکچر فراہم کرنے کے لئے عملہ کے تقرر کے کام شروع کیا جائے۔ اس کے لئے تجاویز پیش کی گئیں۔ چیف منسٹر نے واضح کیا کہ حکومت ترجیحی بنیادوں پر یہ سہولتیں فراہم کرنے کے لئے تیار ہیں۔ چیف سکریٹری راما کرشناراؤ، چیف منسٹر کے پرنسپال سکریٹری وی وی شیشادھری اور دوسرے اس موقع پر موجود تھے۔

Chairman

پرسار بھارتی کے چیرمین نونیت کمار سہگل نے دوردرشن کے عہدیداروں اور ملازمین کو معیاری پروگراموں کے ساتھ ساتھ عوام تک پہنچنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ عوام کو بااختیار بنایا جائے اور قوم کی تعمیر میں اپنا رول ادا کرنے میں انہیں مدد دی جائے۔ سہگل نے آج حیدرآباد میں دوردرشن یادگیری کا دورہ کیا اوراس مرکز کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پروگراموں کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے ملازمین کو تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ نوجوانوں اور خواتین کسانوں کیلئے پروگرام بنانے پر توجہ دی جائے اور ناظرین کو راغب کرنے کے لئے صحیح مقامات کی نشاندہی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کو معیاری پروگراموں کے ساتھ اپنی آمدنی میں بھی اضافہ کرنا چاہئے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ خبروں اور نشریات میں ٹکنالوجی کا زیادہ استعمال کیا جائے۔ سہگل نے عملہ کو مشورہ دیا کہ وہ خانگی نیوز چینلز سے مقابلہ کرنے کے طریقہ تلاش کریں۔ قبل ازیں ہندی پکواڑہ کی تقریب میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زندگی میں سبقت حاصل کرنے کے لئے کم ازکم تین زبانوں سے واقفیت ضروری ہے۔ ہندی دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانوں میں سے ایک ہے۔ ملازمین کو اپنی مادری زبان کے ساتھ ساتھ ہندی پر بھی عبور حاصل کرنا چاہئے۔

Dussehra Holidays

ریاست بھر کے تمام سرکاری اور خانگی تعلیمی اداروں میں کل سے آئندہ ماہ کی تین تاریخ تک دسہرہ کی تعطیلات کا اعلان کیا گیا ہے۔ جونیر کالجس میں اس ماہ کی 28 تاریخ سے آئندہ ماہ کہ 6 تاریخ تک تعطیلات کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان تعطیلات کے دوران کلاسس نہیں ہوں گی۔ محکمہ تعلیمات کو انتباہ دیا گیا ہے کہ وہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والے تعلیمی اداروں کے خلاف سخت کارروائی کریں۔

Modi Short Film Karimnagar

کریم نگر ضلع کے الگنور کیندر راودیالیہ میں وزیر اعظم مودی کے بچپن کے تجربات پر ایک مختصر فلم کی نمائش کی گئی۔اس موقع پر اسکول کے پرنسپل پنکج کمار نے آل انڈیا ریڈیو سے بات کی۔

Sound Byte

Pushan Rajanna Sircilla

راجنا سرسلہ ضلع کے آنگن واڑی مرکز میں اس مہینہ کی 17 تاریخ سے پوشن کا مہینہ منایا جا رہا ہے۔اس موقع پر بیداری پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے چائلڈ ڈیولپمنٹ پروجکٹ آفیسر سوندریا نے تفصیلات سے واقف کروایا۔

Sound Byte.

KS Sharma

پرسار بھارتی کے سابق سی ای او کے ایس شرما چل بسے۔ان کی عمر 80 برس تھی۔آندھرا پردیش کیڈر کے آئی اے ایس عہدیدار کے ایس شرما نے مختصر مدت کیلئے دوردرشن کے ڈائرکٹر جنرل اور پھر 2006ء تک پرسار بھارتی کے سی ای او کے طور پر خدمات انجام دی۔شرما نے ڈی ٹی ایچ اور ڈی ڈی ڈائرکٹ جیسی خدمات کے آغاز میں اہم رول انجام دیا۔انہوں نے کریم نگر کے کلکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دی۔کچھ دنوں سے ان کی صحت خراب تھی۔پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بچے شامل ہیں۔

OO